## پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ www.rbi.org.in

ای میل helpdoc@rbi.org.in

شعبہ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001

فون 91 22 2266 0502 فیکس 91 22 22660358


20 فروری 2019

# بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A جسکو سیکشن 56 کے ساتھ پڑھا جائے، کے تحت ہدایات ’’دی مپوسا اربن کوآپریٹو بینک آف گوآ لمٹیڈ، گوآ، ہدایات کی مدت میں توسیع اور رقم نکاسی کی لمٹ میں راحت

ریزروبینک نے اپنے مورخہ 24 جولائی 2015 کے ڈائریکٹیو کے ذریعہ’’ دی مپوسا اربن کوآپریٹو بینک آف گوآ لمٹیڈ، گوآ کو بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت ہدایات جاری کی تھیں جن میں وقتاً فوقتاً ترمیمات کی جاتی رہی ہیں پچھلی بار 13 اگست 2018 کے ڈائریکٹیو کے ذریعہ ان ہدایات میں 18 فروری 2019 تک توسیع کی گئی تھی۔ موجودہ ہدایات کے مطابق دوسری شرائط کے ساتھ ساتھ کسٹمرس کو اس بینک میں جمع کل بیلینس میں سے (اکاؤنٹ خواہ سیونگ اکاؤنٹ، کرنٹ اکاؤنٹ یا کسی اور نام سے ڈپازٹ اکاؤنٹ ہو) ایک ہزار روپیہ تک کی رقم اکاؤنٹ ہولڈر اپنے اکاؤنٹ سے نکال سکتا ہے بشرطیکہ اگر اکاؤنٹ ہولڈر پر بینک کی کوئی ذمہ داری ہو جیسے قرض لیا ہو، یا ضمانت لی ہو، تو سب سے پہلے نکاسی کی رقم کو قرض دار کے کھاتہ سے ایڈجسٹ کیا جائے گا۔

ریزروبینک نے اس کوآپریٹو بینک کی مالی حالت پر از سرنو غور کیا اور عوامی مفاد میں بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (1) اور (2) جن کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھنے پر ان سیکشن کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ان ہدایات پر از سرنو غور کیا ہے۔

آر بی آئی نے اپنے 24 جولائی 2015 کے ڈائریکٹیوز میں اب یہ ترمیمات کی ہیں:

اب پچاس ہزار روپیہ (Rs.50,000) تک کی رقم ڈپازٹرس کے ذریعہ اس کے سیونگ بینک، کرنٹ اکاؤنٹ، کسی دوسرے ڈپازٹ اکاؤنٹ (اکاؤنٹ کا نام کچھ بھی ہو) سے نکالی جاسکتی ہے بشرطیکہ ڈپازٹر پر بینک کی کوئی ذمہ داری کسی بھی طرح سے نہ ہو جیسے قرض دار، ضمانت گیر یا اپنے ڈپازٹس کے برخلاف قرض لیا ہو، نکاسی کی رقم سے سب سے پہلے متعلقہ قرض اکاؤنٹ میں ایڈجسٹ کی جائے گی۔

رقم جو ڈپازٹرس کو ادا کی جاتی ہے کو بینک الگ سے اسکروا اکاؤنٹ میں/ اور سیکوریٹیز جو بینک کے ذریعہ استعمال کی جارہی ہیں ان کو مارک کر کے ترمیم شدہ ہدایات کے مطابق ڈپازٹرس کو رقم ادا کی جائے گی۔

مزید یہ کہ ریزروبینک عوامی مفاد کے مدنظر اس بات سے مطمئن ہے کہ 24 جولائی 2015 کے ڈائریکٹیو جو’’ دی مپوسا اربن کوآپریٹو بینک آف گوا، لمیٹیڈ، گوآ کو جاری کئے گئے تھے، ان میں مزید چھ ماہ کی توسیع وقتاً فوقتاً کی جاتی رہی ہے۔ لہٰذا ریزروبینک نے بینکنگ ریگولیشن

ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (1) جن کو سب سیکشن 56 کے ساتھ پڑھا جائے میں حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ حکم جاری کیا ہے کہ اس کوآپریٹیو بینک کو 24 جولائی 2015 کو جاری ڈائریکٹیو میں جن میں وقتاً فوقتاً ترمیم کی جاتی رہی ہے اور آخری باریہ توسیع 18 فروری 2019 تک کے لئے کی گئی تھی کو مزید چھ ماہ کے لئے یعنی 19 فروری 2015 سے 18 اگست 2019 تک ان ترمیم شدہ ہدایات پرنظرثانی کی شرط کے ساتھ جاری رہے گا۔

حوالہ کی گئی ڈائریکٹیو جس میں وقتاً فوقتاً ترمیم کی جاتی رہی ہے کہ دیگر شرائط ویسے ہی رہیں گی ان میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

**اجیت پرساد**

**اسسٹنٹ ایڈوائزر**

**پریس ریلیز** 2018-2019/1979